دار الافتاء اہلسنت (دعوتِ اسلامی)
Dar-ul-ifta Ahl-e-sunnat

ریفرینس نمبر: Gul 1447　　بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ　　تاریخ: 28-08-2018

جنازہ لے کر جانے کا طریقہ

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ میت کو قبرستان کی طرف لے کر جانے کا اسلامی طریقہ کیا ہے؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ میت کا سر قبلہ کی جانب ہونا چاہیے، بعض کہتے ہیں میت کا سر قبرستان کی طرف ہونا چاہیے اور بعض کہتے ہیں کہ میت کا سر آگے کی طرف ہونا چاہیے۔ برائے کرم آپ ہماری شرعی رہنمائی فرمایئے کہ اس کے متعلق شریعت اسلامیہ کا کیا حکم ہے؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

جب جنازہ اٹھا کر چلیں، تو اس وقت میت کا سر آگے اور پاؤں پیچھے رکھنا ہی اسلامی طریقہ ہے۔ اس کے خلاف کرنا یعنی پاؤں آگے اور سر پیچھے رکھنا درست نہیں ہے۔

بدائع الصنائع میں ہے: "ویقدم الراس فی حال حمل الجنازۃ لانہ من اشرف الاعضاء فکان تقدیمہ اولی ولان معنی الکرامۃ فی التقدیم" یعنی میت کو لے کر چلتے ہوئے میت کا سر آگے کی جانب رکھا جائے، کیونکہ سر تمام اعضاء سے افضل ہے، لہٰذا اسی کو مقدم کرنا اولیٰ ہے۔ نیز سر کو مقدم کرنے میں اکرام بھی ہے۔ (بدائع الصنائع، جلد 2، صفحہ 44، کوئٹہ)

فتاوی ہندیہ میں ہے: "وفی حالۃ المشی بالجنازۃ یقدم الراس" یعنی میت کو لے کر چلتے وقت اس کا سر آگے کی جانب ہونا چاہیے۔
(فتاوی ھندیہ، جلد 1، صفحہ 162، مصر)

فتاوی رضویہ میں ہے: "جنازہ کو یوں لے چلیں کہ سرہانا آگے کی جانب ہو۔" (فتاوی رضویہ، ج 9، ص 82، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

حبیب الفتاوی میں ہے: "قبرستان خواہ کسی بھی سمت میں ہو، ہر حال میں میت کے پاؤں پیچھے اور سر آگے ہوگا۔ شرعاً یہی حکم ہے۔ اسلامی طریقہ اور شعار یہی ہے۔" مزید اسی میں ہے: "جب جنازہ اٹھا کر چلیں، تو اس وقت میت کا سر آگے رکھا جائے اور پاؤں پیچھے ہو، یہی مسنون یعنی سنت ہے، اس کے خلاف کرنا، کہ پاؤں آگے ہو اور سر پیچھے، طریق مسنون کے مخالف ہے۔" (حبیب الفتاوی، ص 576، شبیر برادرز، لاہور)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــہ

ابو محمد علی اصغر عطاری مدنی

16 ذو الحجۃ الحرام 1439ھ/28 اگست 2018ء

خوفِ خدا و عشقِ مصطفےٰ کے حصول کیلئے ہر ہفتے کو عشا کی نماز کے بعد امیر اہلِ سنّت کا مَدَنی مذاکرہ دیکھنے سننے اور ہر جُمعرات مغرب کی نماز کے بعد عاشقانِ رسول کی مَدَنی تحریک، دعوت اسلامی کے ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں بہ نیت ثواب ساری رات گزارنے کی مَدَنی التجاء ہے

نوٹ! دارالافتاء اہلسنت کی جانب سے وائرل ہونے والے کسی بھی فتوے یا تحریر کی تصدیق دارالافتاء اہلسنت کے آفیشل پیج daruliftaahlesunnat کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔